سوال

(490) محرم کا روزہ ایک رکھنا چاہیے یا دو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محرم کا روزہ ایک رکھنا چاہیے یا دو تفصیل سے وضاحت کریں؟ (کلیم انور، مانسہرہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احادیث سے ثابت ہوتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دس محرم کا روزہ رکھا کرتے تھے۔ [''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورے کے دن کا روزہ رکھا اور اس دن کا روزہ رکھنے کا حکم بھی دیا۔''3] زندگی کے آخری سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحیح مسلم کی حدیث کے مطابق فرمایا: ''اگر آئندہ سال تک باقی وزندہ رہا تو ضرور بالضرور یقینا نویں کا روزہ رکھوں گا۔''4 مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئندہ محرم سے پہلے ہی وفات پاگئے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بیان جاری فرما کر اس روزے کی تاریخ کو دس محرم سے نو محرم میں تبدیل فرمادیا۔ رہی دو روزوں پر دلالت کرنے والی روایات تو وہ صحیح نہیں کمزور ہیں۔ ۴ ۲ ۱۴۲۳ھ

3 صحیح بخاری کتاب الصوم باب صیام عاشوراء، مسلم کتاب الصیام باب صوم عاشوراء

4 مسلم کتاب الصیام باب ای یوم یصام فی عاشوراء

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص421

محدث فتویٰ